# <u>MODULE 1</u>

## <u>PAANI KI AQSAAM</u>

Tahaarat ke liye sab se pehlay paani ki zaroorat hai.

### Mutlaq paani:

A- Baarish, baraf, aur olon ka paani – ye paani paak hain aur paak karnay walay bhi hain.

Qaalu Ta'ala: وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِۦ (Surah al-Anfaal :11)

Aur tum par aasman se paani barsaa raha tha ke us paani ke zariye se tum ko paak kar de.

Qaalu Ta'ala: وَأَنزَلْنَا مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً طَهُورًا (Surah al-Furan: 48)

Aur ham aasman se paak paani barsaatay hain.

B- Samandar ka paani – ye bhi paak aur paak karnay wala hai

Hazrat Abu Hurairah رضی اللہ عنہ farmaatay hain ke aik shakhs ne Rasool Allah ﷺ sawaal kia 'hum samandar main safar kartay hain aur apnay saath thorha sa paani le jatay hain. Agar hum wuduhu karnay lagain tou piyasay reh jayengay. Kia hum samandar ke paani se wudhu karein?"' Rasool Allah ﷺ se farmaaya: 'Huwa-t 'tahuru maa'uhu-l 'hillu maitatahu' (هو الطَّهُورُ ماؤه الْحِلُّ مَيْتَتُهُ) [Is ka paani paak hai aur is ka murdaar halal hai] – [Abu Dawud]

C- Zamzam ka paani

Hazrat Ali رضی اللہ عنہ ki Rasool Allah ﷺ ke hajj ke bayan se mutalliq riwaayat main hai: Aap ﷺ ne das (10) dhil-hajj ko tawaf-e-ziyarah kia aur Zamzam ke paani ka aik (1) dol talab kia. Us se Aap ﷺ ne piya aur wudhu kia – [Masnad Ahmed]

D- Chashmay aur kunway ka paani – ye bhi bil-ijmaa paak karnay wala hai

### Must'amil paani:

Wo paani jo kisi wudhu karnay walay ya nahanay ke aazaa se girta hai ya wo paani jo istimaal ke bartan main reh jata hai.

Must'amil aur ghay must'amil paani main koi farq nahi hai.

Hazrat Abu Juhaifah رضی الله عنه farmaatay hain ke Rasool Allah ﷺ dopehar ko humaray haan tashreef laye tou Aap ko wudhu ke liye paani dia gaya. Aap ﷺ ne wudhu farmaaya tou log Aap ﷺ ke wudhu ka baqiya paani le kar apnay jimson par malnay lagay – [Bukhari]

Faida: Baaz ulama kehtay hain ke ye Rasool Allah ﷺ ki khusoosiyat thi.

Ye qawl rajih nahi hai is liye

1- Ke Rasool Allah ﷺ ka har qawl aur fel ummat ke liye hai- illa ye ke koi daleel hojis se Aap ﷺ ki khusoosiyat saabit hoti ho. Aur yahan aisi koi daleel maujood nahi hai.
2- Imam Bukhari رحمہ الله ne is hadith par jo baab bandha hai [Baab: Ist'imaali fadli wadhu-in naasi] (استعمال فضل وضوء الناس) se Imam ne ye saabit kia hai ke ye hukm Nabi ﷺ ke saath khaas nahi hai.

Hazrat Abu Hurairah رضی الله عنه ka waaqiya hai jis main Rasool Allah ﷺ ne un se farmaaya: 'SubhaanAllahi inna-l mo'mina laa yanjusu' (سُبْحَانَ الله إِنَّ الْمُؤْمِنَ لا يَنْجُسُ) [Bukhari]

'Wa 'an Hudhaifah bin al-Yamaan: anna Rasoolullahi laqiyahi wa huwa junubun fa'haada 'anhu faghtasala thumma jaa'a faqaalu: kuntu junuban, faqaala: inna-l muslima la yanjisu'
(وعن حذيفة بن اليمان: أن رسول الله لقيه وهو جنب فحاد عنه فاغتسل ثم جاء فقال: كنت جنبا، فقال: إن المسلم لا ينجس)

## Agar musalman nahi hota nahi hai tou us ka bacha hua paani kaisay najis/napaak ho sakta hai?

Hazrat Ibn 'Abbas رضی الله عنه se marwi hai ke Nabi ﷺ ki kisi biwi ne aik (1) tub main ghusl kia phir Aap ﷺ us tub se ghusl/wudhu ke liye aaye tou unhon ne kaha 'Ay Rasool Allah ﷺ! Main janbi thi. Tou Rasool Allah ﷺ ne farmaaya: inna-l maa'a la yajnubu (إن الماء لا يَجْنُبُ) [paani napaak nahi hota] [Abu Dawud]

‘An Abdullah bin ‘Abbas – رضی الله عنهما – anna-n Nabiyya ﷺ – kaana yaghtasilu bifadli maimunah – رضی الله عنها
(عن عبد الله بن عباس -رضي الله عنهما- أن النبي -صلى الله عليه وسلم- كان يغتسل بفضل ميمونة -رضي الله عنها)

## Paani jis main koi cheez mil gai ho jaisa ke zafraan, aata, saabun, doodh, pattay

- Agar wo cheez itni miqdar main hai ke paani ko mutlaq paani se na nikaalay yaani jab tak us par paani ka itlaaq hota rahay wo paani paak aur paak karnay wala bhi hai.

- Agar wo cheez zyada miqdaar main ho jis se wo paani ko mutlaq paani se kharij kar de aur usay maa’a-e-mutlaq [aam paani] na kaha ja sakay. Gulaab ka paani yaani paani ki tabiyat yaani riqqat-o-sailaan us main na rahay tou wo bazaat-e-khud paak hoga magar paak karnay wala na hoga.

Hazrat Umm ‘Atiya رضی الله عنها bayan karti hain ke jab Hazrat Zainab bint Rasool Allah ﷺ ki wafaat hui tou Rasool Allah ne hum se farmaaya: Ighsilnahaa thalaathan, auu khamsin, auu akthara min ‘zaalika, inna ra’aitunna ‘zaalika, bimaa’I sidrin, waj’alna fi-l aakhirati kaafuran, auu shai’a-m min kaafurin ( اغسِلْنَها ثَلاثًا، أو خَمسًا، أو أكثَرَ مِن ذلك، إنْ رأيتُنَّ ذلك، بماءٍ سِدْرٍ، واجعَلْنَ في الآخِرةِ كافورًا، أو شَيئًا مِن كافورٍ) [Bukhari]

Jab ke mayyat ka ghusl paani se wajib hai.

Hazrat Umm Haani رضی الله عنها ki hadith main hai ke Rasool Allah ﷺ aur Hazrat Maimunah رضی الله عنها ne aik bartan main ghusl kia jis main aatay ke bhi nishanaat maujood thay. [Sunan Ibn Majah]

## Aisa paani jis main koi najaasat parh gai ho

- Paani kam ho ya zyada, agar najaasat parhnay se ausaaf-e-thalaatha [rung, boo, zaiqa] tabdeel na karay tou ye paani paak aur paak karnay wala hai.

- agar ausaaf-e-thalaatha main tabdeeli paida ho gai ho tou ye paani najis/napaak hai.

Hazrat Abu Sa’id al-Khudri رضی اللہ عنہ bayan farmaatay hain ke Rasool Allah ﷺ se sawaal kia gaya ‘kia hum b’ir-e-bida’ah ke paani se wudhu kar saktay hain?’ [B’ir-e-bida’ah aik qadeem kunwa tha jis main haiz aalood kaprhay, kuttay ke gosht ke tukrhay, aur badboodar ashya daali jaati thein] Aap ﷺ ne jawaaban farmaaya: Al-maa’u ‘tahurun laa yunajjisuhu shai’un [paani paak hai usay koi cheez napaak nahi karti] (الْمَاء طَهُورٌ لا يُنَجِّسُهُ شَيْء) [Abu Dawud]

Faida: Jis paani ke mutalliq najis/napaak honay ka Shubha ho ya shak ho tou usay chorh dena awla-o-afzal hai.

Hadith main hai: Da'a maa yaribuka ilaa maa laa yaribuka (دَعْ مَا يَرِيبُكَ إلا مَا لا يَرِيبُكَ) [Tirmidhi]

## Jis paani main billi munh daal de

Aisa paani paak hai aur paak karnay wala hai. Aisay paani se wudhu ya ghusl karna durust hai.

Hazrat Kabshah رضی اللہ عنہا se riwaayat hai ke Abu Qatadah رضی اللہ عنہ un ke paas tashreef laaye tou unhon ne Abu Qatadah رضی اللہ عنہ ke liye wudhu ka paani pesh kia. Achaanak aik billi aai aut us bartan se peenay lagi. Is par Abu Qatadah رضی اللہ عنہ ne mazed us bartan ko billi ke liye terha kar dia hatta ke billi ne us se pi lia. Hazrat Kabshah رضی اللہ عنہا kehti hain ke Abu Qatadah رضی اللہ عنہ ne us waqt mujhay dekh lia jab main unhain dekh rahi thi tou unhon ne farmaaya: Ay bhateeji, kia tu ta’ajjub karti hai? Main ne kaha: Haan. Phir unhon ne kaha ke Rasool Allah ﷺ ne farmaaya: ‘innaha laisatu binajasin innaha min-at ‘tawwafina ‘alaikum’ (إنَّها ليست بِنَجس إنَّها منَ الطَّوَّافينَ عليكم) [Ye najis/paleed nahi hai ye tou tum par phirnay wali hai]. [Abu Dawud]

Anna maulaataha ursilathaa bihareesatin ilaa Aisha رضی اللہ عنہا fawajadtuha tu’salli fashaarat ilaiyya an da’ayuha faja’at hurratun fakalat minha falamma-n ‘sarafat akalat min haithu akalti-l hurratu faqaalat inna Rasoolullahi ﷺ qaala innaha laisatu binajasin innama hia min-at ‘tawwafina ‘alaikum wa qad ra’aitu Rasoolullahi ﷺ yatawada’u bifadliha
(أنَّ مولاتَها أرسلَتها بِهَريسةٍ إلى عائِشةَ رضيَ اللَّهُ عنها فَوجدتُها تصلِّي فأشارَت إليَّ أن ضَعيها فجاءَت هرَّةٌ فأَكَلَت مِنها فلمَّا انصرَفت أَكَلَت مِن حيثُ أَكَلتِ الهرَّةُ فقالَت إنَّ رسولَ اللَّهِ صلَّى اللَّهُ علَيهِ وسلَّمَ قالَ إنَّها لَيسَت بنجَسٍ إنَّما هيَ مِنَ الطَّوَّافينَ عليكُم وقد رأيتُ رسولَ اللَّهِ صلَّى اللَّهُ علَيهِ وسلَّمَ يتوضَّأُ بفضلِها) [Abu Dawud]

Faida: In ahadith se maloom hua ke billi ka haram hona alag baat hai aur in ka najis hona bilkul alag baat hai. Haram honay se najis hona laazim nahi aata hai. Isi bunyaad par keh saktay hain ke agar kawwa, cheel, gadha weghera paani main ya bartan main mung daal de wo bartan ya paani napaak nahi hota hai.

Aisa paani jis main hasharaat, keerhay makorhay [az-zanboor, al-ankabut, makhhi, machhar, laal baig, chiunti] gir jayein – jin main behnay wala khoon nahi hota hai – paani main girnay ke baad mar jayein tou kia paani najis hota hai?

Jamhoor-e-ulama ke nazdeek paani najis nahi hota hai. [Al-Mughni]

Faida: haazihi-l hasharaat kullaha muharramatun la'aiha [wa ya'hillu lahum-ut 'tayyibaat wa yu-harrimu 'alaihim-ul khaba'ith]
(فائده: هذه الْحشرات كلها محرمة لعيها [ويحل لهم الطيبات ويحرم عليهم الخبائث )